© rasailojaraid.com



## (15) قوت مردمی

- شہد میں پیاز کا رس ملا کر دھیمی آگ پر پکائیں۔ جل جائے تو نصف تا ایک تولہ رات کو کھائیں۔ مقوی باہ ہے۔
- مرگی والے مریض کے ناک میں پیاز کا عرق چند قطرے ڈال دیں۔ مریض کو ہوش آ جائے گا۔

## (16) تریاق اثر

- قدیم اطباء کا قول ہے کہ اگر بچھو یا بھڑ کاٹ لے تو پیاز کا پانی لگا دیں، درد دور ہو جائے گا اور زہر اتنا اثر نہ کرے گا۔
- نوشادر برابر مقدار میں پیاز کے رس میں رگڑیں، یہاں تک کہ دونوں یک جان ہو جائیں۔ اسے شیشی میں بھر لیں بچھو کے کاٹنے کا کامیاب علاج ہے، اس کے چند قطرے متاثرہ مقام پر لگا دینے سے درد ختم ہو جاتا ہے۔
- باؤلے کتے کے کاٹنے پر پیاز کھلائیں اور زخم پر لگائیں، شفا حاصل ہوگی۔

## (17) دھوپ کی تپش

- یہ بات طے شدہ ہے کہ اگر ہاتھ میں پیاز کی گانٹھ ہو تو لو نہیں لگ سکتی۔
- سن سٹروک کا مجرب اور کامیاب علاج پیاز کھانا ہے۔

### احتیاط:

پیاز کو سرکہ میں ملا کر کھلائیں، زیادہ نفع دیتا ہے۔ جبکہ صرف پیاز کھانے سے منہ میں بدبو آنے لگتی ہے۔ اس کے تدارک کے لیے شکر یا کشنیز (دھنیا) کے سبز پتے کھائیں۔

دماغ کے لیے پیاز مضر ہے۔ پیاز گلا خراب کرتا ہے، گرم مزاج لوگ زیادہ پیاز کھائیں تو نزلہ ہو جاتا ہے۔ رات کے کھانے میں بطور سلاد کچا پیاز ہرگز استعمال نہ کریں۔

☆☆☆☆☆

© rasailojaraid.com